DAILY EXPRESS
ایکسپریس روزنامہ
جمعرات 12 شوال المکرم 1441ھ 4 جون 2020ء

انٹر بینک میں امریکی ڈالر کی قدر 50 پیسے گھٹ گئی

کراچی (بزنس رپورٹر) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں کمی کا رجحان رہا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق بدھ کو انٹر بینک میں امریکی ڈالر کی قدر میں 50 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 164.75 روپے سے گھٹ کر 164.30 روپے اور قیمت فروخت 1.20 روپے سے گھٹ کر 164.50 روپے ہو گئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید روپے کی کمی سے 164.70 روپے سے گھٹ کر 163.50 روپے اور قیمت فروخت 70 پیسے کی کمی سے 165.20 روپے سے گھٹ کر 164.50 روپے ہو گئی۔